Shabbir / Tanveer

12-09-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں    شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ 18ویں برکس سربراہ کانفرنس آج سے نئی دِلی میں شروع ہورہی ہے۔ عالمی رہنما، اِس دو روزہ تقریب میں، اپنے مذاکرات میں عالمی حکمرانی، تجارت، سلامتی اور سپلائی چین پر توجہ مرکوز کریں گے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی، آج سربراہ کانفرنس سے الگ، چین کے صدر شی-جن-پنگ اور برکس کے دیگر رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے برکس تجارتی فورم میں محفوظ سمندری راستوں، سپلائی کے کُھلے راستوں اور تجارتی رکاوٹوں کو دور کرنے کی اہمیت پر زور دیا ہے، تاکہ عالمی تجارت میں پائیداری لائی جاسکے۔

☆ سعودی عرب نے حملے کے بعد، اہم پائپ لائن بند کردی ہے۔ یمن میں حوثی باغیوں نے، اہم جزیروں پر قبضہ کرلیا ہے، جس کی وجہ سے بحیرۂ احمر کے جہازرانی کے راستے پر اُس کی گرفت مضبوط ہوگئی ہے۔

☆ اترپردیش سرکار نے سیلاب سے متاثرہ 25 ضلعوں میں راحت اور بچاؤ کا کام تیز کردیا ہے۔

☆ اور...... ہاکی میں، چین میں، جونیئر ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں، بھارتی خواتین کی ٹیم جنوبی کوریا کے ساتھ کھیلے گی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Brics Summit

18ویں برکس سربراہ کانفرنس آج سے نئی دِلی کے بھارت منڈپم میں شروع ہونے والی ہے۔ اِس دو روزہ عظیم الشان تقریب میں 11 اُبھرتی اور ترقی کرتی ہوئی معیشتیں یکجا ہوں گی، جن میں برازیل، چین، مصر، ایتھوپیا، انڈونیشیا، بھارت، ایران، روس، سعودی عرب، جنوبی افریقہ اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔

اعلیٰ سطح کی اِس تقریب کے دوران، امید ہے کہ برکس رکن ملکوں کے رہنما، اہم معاملات پر بات چیت کریں گے، جن میں عالمی حکمرانی، کثیرملکی نظام، تجارت و سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، خوراک و توانائی کی یقینی فراہمی، حفظانِ صحت، قدرتی آفات کی صورت میں استحکام اور اہم سپلائی چین شامل ہے۔

یہ سمٹ، بھارت کی 2026 کی صدرنشینی کے تحت منعقد کی جارہی ہے، جس کا موضوع ہے: ’’مضبوطی، اختراع، تعاون اور پائیدار ترقی کا قیام‘‘۔

اِس مشہور و معروف سمٹ میں دنیا کے بہت سے اہم رہنما شرکت کریں گے، جن میں وزیراعظم نریندر مودی کے علاوہ، روس کے صدر ولادیمیرپوتن، چین کے صدر شی-جن-پنگ، جنوبی افریقہ کے صدر سِرِل راما فوسا، مصر کے صدرعبدالفتاح السیسی، انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto اور ایران کے صدرمسعود پیزشکیان شامل ہیں۔

یہ سربراہ کانفرنس، برکس رُکن ملکوں کے، بند کمرے میں ایک جلسے کے ساتھ شروع ہوگی، جس کا موضوع ہے: ’’سب کی شمولیت والی عالمی حکمرانی اور کثیرملکی نظام کو مستحکم بنانا‘‘۔

برکس رکن ملکوں کے رہنما، بھارت پنڈپم میں، بھارتی اختراع کاروں کی ایک نمائش بھی دیکھیں گے۔ اِس کے بعد ایک مشترکہ شجرکاری کی تقریب منعقد ہوگی اور پھر وزیراعظم نریندرمودی ایک شاندار عشائیے کا اہتمام کریں گے۔

وزیراعظم آج سمٹ سے الگ برکس رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ اِن میں چین کے صدر شی-جن-پنگ، ابوظہی کے ولیعہد شہزادہ شیخ خالد بن محمد بن زائد النہیان، ایتھیوپیا کے وزیراعظم ابی احمد علی، ملیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم اور ویتنام کے وزیراعظم Le Minh Hung شامل ہیں۔

تفصیل ہماری نامہ نگار سے

VC:-Suparna / Ananad

بھارت کو، برکس 2026 میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ یہ رہنما ایسے وقت یکجا ہورہے ہیں، جب عالمی سطح پر تبدیلیوں اور غیراستحکام کا دور ہے۔ اِن رہنماؤں کی، میٹنگ مغربی ایشیا اور بحیرۂ اسود میں تنازعات، توانائی کے بحران اور آب وہوا میں تبدیلی کے پس منظر میں منعقد ہورہی ہے۔ برکس، اُبھرتی ہوئی بڑی معیشتوں کے مابین تال میل رکھنے والی معاشی پالیسی سے متعلق ایک اہم پلیٹ فارم بن کر اُبھرا ہے۔ لگاتار مذاکرات کے ذریعے، یہ فورَم کثیرملکی اداروں میں عالمی جنوب کے مفادات کو آگے بڑھانے کا ایک طریقۂ کار بن گیا ہے۔ اِس کے ایجنڈے میں ترقی، مالیات، ٹیکنالوجی، تجارت اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلے شامل ہیں۔ اِس گروپ سے عالمی سطح پر اُبھرتی ہوئی معیشتوں کی بڑھتی ہوئی اقتصادی اہمیت اور امنگوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

بھارت کی صدرنشینی اِس موضوع کے تحت کی جارہی ہے: ’’مضبوطی، اختراع، تعاون اور پائیدار ترقی کا قیام‘‘۔ یہ فورم عالمی جنوب کی امنگوں کو بھی اُجاگر کرتا ہے۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

BRICKS Business Forum Leaders Session

وزیراعظم نریندر مودی نے عالمی تجارت کی پائیداری کیلئے محفوظ سمندری راستوں، کھُلی سپلائی والے راستوں اور جہازیوں کی حفاظت پر زور دیا ہے۔ اُنہوں نے برکس ملکوں پر بھی زور دیا ہے کہ وہ تجارتی رکاوٹوں کو دور کرنے اور تجارت کیلئے موقعوں میں اضافہ کرنے کی جانب کام کریں۔ جناب مودی نے یہ بات کل شام نئ دِلی میں بھارت منڈپم میں، برکس تجارتی فورَم کے، رہنماؤں کے ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔
وزیراعظم نے کہا کہ بھارت، جہاز رانی کی آزادی اور جہازیوں کی حفاظت کی پُرزور وکالت کرتا ہے۔ اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ عالمی تجارت میں بلارکاوٹ آمدورفت کیلئے محفوظ سمندری راستے لازمی ہیں۔

SB: PM-Secure Sea Lanes

وزیراعظم مودی نے کہا کہ تجارت میں عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی رکاوٹوں کے دوران بھارت، اقتصادی پُل تعمیر کرنا چاہتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت، آج ترقی اور استحکام کیلئے اعتماد کے ایک وسیلے کی پیشکش کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت نے 2014 سے اب تک تقریباً 40 ملکوں کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے کئے ہیں۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ برکس میں بھی اُس کا نظریہ یہی ہے کہ تجارت کیلئے رکاوٹوں کو دور اور موقعوں میں اضافہ کیا جائے گا۔

SB: PM-Economic Bridge

Traffic Advisory Brics Delhi

نئ دلی میں جاری برکس سربراہ میٹنگ کے تناظر میں قومی راجدھانی کے اہم راستوں پر ٹریفک آمدروفت محدود رہے گی۔ اس کے علاوہ اہم راستوں میں تبدیلی کی گئی ہے جو صبح 9 بجکر 30 منٹ سے رات 9 بجے تک نافذ رہے گی۔ ٹریفک پولیس نے لوگوں سے اضافی وقت کے پیشِ نظر اپنے سفر کو پہلے سے منصوبہ بند کرنے کی صلاح دی ہے۔ لوگوں سے عوامی ٹرانسپورٹ خاص طور سے میٹرو سے سفر کرنے کو ترجیح دینے کی صلاح دی گئی ہے۔ البتہ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ ایمرجنسی اور لازمی خدمات سے وابستہ گاڑیوں کو ترجیحی طور پر راستہ دیا جائے گا۔x

Govt Awas Yojna

حکومت نے پردھان منتری آواس یوجنا شہری 2.0 (PMAY-U) کے تحت 10 لاکھ 77 ہزار مکانات کو منظوری دی ہے، تاکہ اسکیم کے نفاذ اور شہری علاقوں میں سب کیلئے مکان کے مقصد کی جانب آگے بڑھنے کو مزید رفتار دی جاسکے۔ جمعرات کو نئ دِلی میں منعقد ہوئی منظوری اور نگرانی سے متعلق مرکزی کمیٹی کی 9 ویں میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ میٹنگ کی صدارت، مکانات اور شہری امور کی وزارت کے شہری ترقی کے محکمہ کے سکریٹری جناب ستیندر سنگھ نے کی۔x

PM KMY 7 Years

پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا PM-KMY کے آج 7 برس مکمل ہوگئے ہیں۔ چھوٹے اور پسماندہ کسانوں کی گزر بسر کو یقینی بنانے کے مقصد سے یہ اسکیم 2019 میں آج ہی کے دن شروع کی گئی تھی۔ اسکیم کے تحت، جن چھوٹے و پسماندہ اہل کسانوں کے پاس زمینیں ہیں، اُن کیلئے 60 برس کی عمر کے بعد سے 3 ہزار روپے ماہانہ پنشن کا بندوبست ہے۔

پنشن اسکیم کا مقصد یہ ہے کہ معمر کسان مالی استحکام کے ساتھ، باوقار زندگی گزار سکیں۔ گزشتہ 7 برس میں PM-KMY چھوٹے اور معمولی کسانوں کیلئے ایک اہم سماجی تحفظ کے قدم کے طور پر ابھری ہے، تاکہ وہ بہتر مالی اعتماد کے ساتھ اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرسکیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

VC:Shivang

اپنے آغاز سے ہی پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا، کسان برادری کیلئے سماجی تحفظ کے ایک اہم ستون کے طور پر ابھری ہے۔ 7 برسوں کے دوران اس اسکیم نے پورے ملک کے کسانوں تک اپنی رسائی میں مسلسل و بتدریج اضافہ کیا ہے۔ یہ اسکیم حکومت کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ کسان اپنی بڑھاپے کے عمر، تحفظ اور باوقار طور سے گزار سکیں۔ فروری 2026 تک 26 لاکھ 96 ہزار کسانوں نے اس اسکیم کے تحت اپنا اندراج کرواچکے ہیں۔ ہریانہ میں سب سے زیادہ تقریباً 5 لاکھ 75 ہزار کسان اس اسکیم کا حصہ بنے ہیں۔ اس کے بعد بہار کا نمبر ہے، جہاں 3 لاکھ 46 ہزار کسانوں نے اس اسکیم میں شمولیت کی ہے۔

2019 سے فروری 2026 تک اسکیم کے نفاذ اور رسائی میں مدد کیلئے 540 کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔ یہ اسکیم ملک گیر سطح پر کسانوں کیلئے سماجی و مالی تحفظ کا نظام ہے، وہ کسان جو ملک کی خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اپنی زندگی وقف کردیتے ہیں۔

شیوانگ مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Saudi Oil Pipeline Houthi Seize

سعودی عرب نے کہا ہے کہ اُس پر، جو ڈرون حملے کئے گئے، اُس کے ایک دن بعد اُس نے ملک کے پار ایک بڑی تیل پائپ لائن کو بند کردیا ہے۔ سعودی عرب کی توانائی کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پائپ لائن کو بند کرنے کا یہ فیصلہ ایک احتیاطی قدم کے طور پر کیا گیا ہے۔

مشرقی-مغربی پائپ لائن کا، آبنائے ہرمز میں، امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ ایران کی جنگ کے سبب، رکاوٹ آ جانے کے بعد تیل کی درآمد جاری رکھنے کی سعودی عرب کی صلاحیت میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔

ایک رپورٹ:

VC Jigyasa

سعودی عرب کی وزارتِ خارجہ نے عراق کی طرف سے کئے گئے بہت سے ڈرون حملوں کو جواز کے طور پر پیش کیا ہے۔ عراق حکومت نے اِس حملے کی مذمت کی ہے اور تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ پائپ لائن کو، یمن میں ایران کی حمایت والے حوثی باغیوں کے ہاتھوں Mokha بندرگاہ، اور بحیرۂ احمر میں جنوبی داخلے کے مقام پر Bab-el-Mandeb آبنا کے اہم جزیرے پر قبضہ کئے جانے کے بعد بند کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے مغربی ایشیا کے تنازعے میں ایک نیا محاذ کُھل گیا ہے۔ یہ آبنا، دنیا کے جہاز رانی کی اہم ترین راستوں میں سے ایک ہے۔ اِس پیش رفت سے تیل اور گیس کی عالمی قیمتوں میں اضافے کی ایران کی حکمت عملی کو تقویت ملے گی، جس سے وہ امریکہ پر اپنے دباؤ میں اضافہ کرے گا۔

اگر حوثیوں نے آبنائے ہرمز سے عرب جزیرہ نما کی پیچھے کی طرف Bab-el-Mandeb آبنا پر اپنا قبضہ جاری رکھا تو اُن کے حامی ایران کو امریکہ کے ساتھ اپنی جنگ میں اہم پیش رفت حاصل ہوسکتی ہے اور ایک دوسری بڑی راہداری کے ذریعے سپلائی میں کمی آسکتی ہے اور تیل کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔

جگیاسا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

UP Flood Relief

اترپردیش میں سیلاب کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے دوران ریاستی حکومت نے سیلاب سے متاثرہ کنبوں کی مدد کے لیے راحت اور بچاؤ کارروائیاں تیز کردی ہیں۔ شدید بارش اور باندھوں سے پانی چھوڑے جانے کے بعد کم سے کم 25 ضلعے سیلاب سے متاثر ہیں۔

Odisha Rain Alert

اوڈیشہ میں، آج ریاست کے جنوبی حصے میں مختلف مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ بھارتیہ محکمۂ موسمیات نے نَب رَنگ پور، کوراپُٹ اور ملکان گِری اضلاع کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے دیگر حصوں میں بھی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

Nuapada ، بالنگیر اور کالاہانڈی میں بھی تیز بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ Rayagada، گجپتی، گنجام، کندھمال اور ملکان گِری جیسے اضلاع میں بھی گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

IMD نے لوگوں، بالخصوص حساس اور نشیبی علاقوں میں رہنے والوں کو محتاط رہنے کا مشورہ دیا ہے۔ اوڈیشہ کے ساحلی علاقوں میں خراب موسمیاتی صورتحال کے پیشِ نظر ماہی گیروں کو بھی احتیاط برتنے کی صلاح دی گئی ہے۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج آندھرا پردیش کیلئے گرج چمک اور تیز آندھی کے ساتھ شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیاہے۔ IMD کے مطابق اتراکھنڈ، گجرات، کونکن، گوا، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ میں بھی دن کے دوران تیز بارش کا امکان ہے۔ اوڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور شمالی مشرقی ریاستوں کے مختلف حصوں میں بھی اسی طرح کے موسمی حالات رہیں گے۔ x

Hockey

ہاکی میں، چین کے Moqi شہر میں، جونیئر ایشیا کپ کے پہلے سیمی فائنل میں، آج صبح بھارتی خواتین کی ٹیم جنوبی کوریا کے ساتھ کھیلے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق 9 بجکر 45 منٹ پر شروع ہوگا۔
دفاعی چمپئن بھارت کوارٹر فائنل میں، پاکستان کو اُنیس-صفر سے شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچا ہے۔ بھارت نے پول-A کے تحت زبردست ریکارڈ قائم کیا ہے۔ اُس نے تین زبردست کامیابیوں سے 10 پوائنٹس حاصل کئے ہیں اور ایک میچ پوری جدوجہد سے برابری پر ختم کیا ہے۔
ایک اور سیمی فائنل میں میزبان چین، Moqi شہر میں، دوسرے سیمی فائنل میں، جاپان کے ساتھ کھیلے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجے شروع ہوگا۔
چین نے کوارٹر فائنلز میں قزاخستان کو چار-صفر سے شکست دی تھی، جبکہ جاپان نے بنگلہ دیش کو دو-صفر سے ہرایا تھا۔ کل بھارتی مردوں کی ٹیم نے جونیئر ایشیا کپ کے فائنل میں جگہ بنائی تھی۔ اُس نے پہلے سیمی فائنل میں ملیشیا کو تین-ایک سے ہرایا تھا۔x

Cricket T20 Asia Cup

خواتین کی کرکٹ میں ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں کل دبئی میں کھیلے جانے والے خطابی مقابلے میں، بھارت کا سامنا سری لنکا سے ہوگا۔ گذشتہ رات سری لنکا نے پاکستان کو چار وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ 131 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے سری لنکا نے 18 اوورس اور چار گیندوں میں چھ وکٹ پر 134 رن بناکر جیت درج کی۔
اِس سے قبل پاکستان نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ پر 130 رن بنائے۔ پاکستان کی کپتان فاطمہ ثنا نے 47 رن بنائے اور چار وکٹ حاصل کیے۔ اِس کے باوجود وہ پاکستان کو جیت نہ دلا سکیں۔x

BRICS Summit Leaders Arrival

بھارت کی میزبانی میں منعقد 18 ویں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کئی عالمی رہنما اور اعلیٰ عہدیدار نئی دلی پہنچ چکے ہیں۔ فلپین کے صدر Ferdinand R-Marcos جونیئر کی آسیان کے موجودہ صدر کے طور پر قومی راجدھانی میں آمد ہو چکی ہے۔ مرکزی وزیر محترمہ انوپریہ پٹیل نے ان کا استقبال کیا۔ وزارتِ خارجہ نے کہا کہ بھارت اور آسیان کے درمیان جامع اسٹریٹیجک ساجھیداری موجود ہے، جس میں تجارت، بحری سلامتی اور بھارت بحرالکاہل خطے میں علاقائی کنکٹوِٹی پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔

بُرنڈی کے صدر Evariste Nadayishimiye سربراہ کانفرنس میں افریقی یونین کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto، ایران کے صدر مسعود پیزشکیان، مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی اور ایتھوپیا کے وزیراعظم Abiy احمد علی بھی نئی دلی پہنچ چکے ہیں۔

وزارت خارجہ کے مطابق اِن رہنماؤں کی آمد اِن ممالک کے ساتھ بھارت کی قریبی شراکت داری اور عالمی جنوب کی مشترکہ ترجیحات کی عکاسی کرتی ہے۔ ابوظبی کے ولیعہد شیخ خالد بند محمد زائد النہیان اور ملیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم بھی اجلاس میں شرکت کیلئے بھارت میں موجود ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ اِن رہنماؤں کا دورہ متحدہ عرب امارات اور ملیشیا کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو خاص طور پر تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، ڈجیٹل معیشت اور سیکیورٹی کے شعبے میں مزید مستحکم بنانے کا موقع فراہم کرے گا۔ کیوبا کے وزیر خارجہ Bruno Rodriguez Parrilla اور نائیجیریا کے نائب صدر Kashim Shettima بھی کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔

اِس کے علاوہ عالمی صحت تنظیم WHO کے ڈائریکٹر جنرل Tedros Adhanom Ghebreyesus اور عالمی تجارت تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Ngozi Okonjo-Iweala بھی نئی دلی پہنچ چکے ہیں۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد شہزاد

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخبارات نے برکس سربراہ میٹنگ سے متعلق خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: برکس نے دنیا کے طاقتور ترین گروپ جی سیون کو پیچھے چھوڑا۔ روزنامہ پرتاپ نے برکس سربراہ میٹنگ کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کی روس کے صدر ولادیمیر پُتن کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی خبر کو صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔ اخبار نے مودی کے اِس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ روس-یوکرین تنازعہ کا حل ڈپلومیسی، بات چیت سے ہی ممکن ہے۔

اس کے علاوہ دیگر اردو اخبارات نے برکس سربراہ میٹنگ کے موقع پر وزیراعظم مودی کی ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے ساتھ دوطرفہ ملاقات بھی اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

اسی اخبار نے دلّی کے بھارت منڈپم میں برنس فورم کے افتتاحی اجلاس سے کامرس و صنعت کے وزیر پیوش گوئل اور وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے خطاب کو بھی اردو اخبارات نے صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔ اپنے خطاب میں ایس جے شنکر نے برکس کی خود انحصاری کیلئے برکس کے رکن ممالک سے باہمی اقتصادی تعاون دینے کی اپیل کی ہے۔ کھیلوں میں جونیئر ایشیا کپ ہاکی میں بھارتی مردوں کی ٹیم نے سیمی فائنل میں ملیشیا کو تین-ایک سے ہرایا۔ اس خبر کو انقلاب سمیت دیگر اخبارات نے بھی شائع کیا ہے۔

بین الاقوامی خبروں میں کانگو کے دو اسکولوں میں خوفناک آتشزدگی اور حوثیوں کے بحیرۂ احمر کے پورے ساحلی علاقوں میں کنٹرول کے دعوے کو اہمیت دی گئی ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ 18ویں برکس سمٹ آج سے نئی دِلی میں شروع ہورہی ہے۔ عالمی رہنما، اِس دو روزہ تقریب میں، اپنے مذاکرات میں عالمی حکمرانی، تجارت، سلامتی اور سپلائی چین پر توجہ مرکوز کریں گے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی، آج سمٹ سے الگ، چین کے صدر شی-جن-پنگ اور برکس کے دیگر رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے برکس تجارتی فورم میں محفوظ سمندری راستوں، سپلائی کے کھلے راستوں اور تجارتی رکاوٹوں کو دور کرنے کی اہمیت پر زور دیا ہے، تاکہ عالمی تجارت میں پائیداری لائی جاسکے۔

☆ سعودی عرب نے حملے کے بعد، اہم پائپ لائن بند کردی ہے۔ یمن میں حوثی باغیوں نے، اہم جزیروں پر قبضہ کرلیا ہے، جس کی وجہ سے بحیرۂ احمر کے جہازرانی کے راستے پر اُس کی گرفت مضبوط ہوگئی ہے۔

☆ اترپردیش سرکار نے سیلاب سے متاثرہ 25 ضلعوں میں راحت اور بچاؤ کا کام تیز کردیا ہے۔

☆ اور...... ہاکی میں، چین میں، جونیئر ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں، بھارتی خواتین کی ٹیم جنوبی کوریا کے ساتھ کھیلے گی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------